10:40 p.m. FIREWORKS on West Island

Cinesphere
Times: Every ½ hour from 10:30 a.m. Last Show at 9:30 p.m. Feature presentation "MAN BELONGS TO THE EARTH" starring Chief Dan George.

The Bandshell
Show times: 6:00 – 7:30 p.m.
Saturday, May 19. Sylvia Tyson and Great Speckled Bird
Sunday, May 20. Shirley Eikhard
Monday, May 21. Bob McBride

Theatre I
Times: every ½ hour from 10:30 a.m. Last show at 9:30 p.m. "TIMELESS JOURNEY" A journey into the treasures of ancient Egypt and King Tutankhamun.

Theatre II
Times: 12:00 noon, 1 p.m., 2 p.m., 3 p.m., 4 p.m., 5 p.m. TONY URBANO MARIONETTES

Theatre III
Daily from 10:30 a.m. continuous walk through "REFLECTIONS"

Marching bands perform on the grounds all weekend.
All free with your admission.

Come see what's new at Ontario Place. Entertainment. All Day. Every Day.

کریسنٹ

انٹرنیشنل

ٹورنٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سن رکھو جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

بین الاسلامی اتحاد اور اتحاد بین المسلمین

ایران میں حالیہ استصواب میں اسلامی جمہوری نظام کی بھرپور اور واشگاف حمایت و تائید کے سلسلے میں صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے اسلامی انقلاب کے رہنما جناب آیت اللہ خمینی کو جو پیغام تہنیت بھیجا تھا، اس کے جواب میں انہوں نے صرف رسمی خیالات کے اظہار پر ہی اکتفا نہیں کیا، بلکہ پاکستان اور ایران میں دوستانہ اور برادرانہ تعلقات کی بنیاد پر وسیع تر بین الاسلامی اتحاد پر جس طرح زور دیا ہے، اس کے ہر لفظ سے نہ صرف کمال دردمندی اور انتہائی خلوص کی خوشبو آتی ہے، بلکہ انہوں نے دشمنان اسلام کے مقابلے کے لیے راہ عمل کی بھی نشاندہی کر دی ہے۔ کہ امن اور سلامتی کے لیے تمام مسلم ملکوں کو اسلام کے پرچم تلے متحد ہو جانا چاہیے۔

ایران میں حزب فوائد مطلق العنان بادشاہت کے کھنڈرات پر اسلامی جمہوریہ کا قیام اس صدی میں اسلام کے نام پر پاکستان کے ظہور پذیر ہونے کے بعد دوسرا سب سے اہم اور انتہائی دوررس واقعہ ہے، اور نعارتی سلطان حکم افغانستان میں توسیع پسند بین الاقوامی کمیونزم کی خونریز یلغار کے پس منظر میں ایران کے اسلامی انقلاب کا جائزہ لیں، تو کابل میں دین دشمن کمیونسٹوں کے برسراقتدار آنے سے جو پریشانی اور تردد پیدا ہونا فطری ہے، ایران میں اسلامی انقلاب کی کامیابی اس کی بہت امید افزا اور خوش آئند تلافی کا سامان پیدا کرتی نظر آتی ہے۔ اپنے محل وقوع اور مادی وسائل کے اعتبار سے ایران کو پوری دنیائے اسلام میں جو مرکزی اہمیت حاصل ہے، وہ محتاج بیان نہیں، اور اب ایران میں جناب روح اللہ خمینی کی قیادت میں دین حق اسلام کی بطور نظریۂ حیات سربلندی اور اسلامی ملکوں میں موثر اتحاد کی جو آواز بلند ہو رہی ہے، وہ صرف ایک صدائے دلنواز ہی نہیں، پاکستان کے لیے تو آواز دوست بھی ہے۔

اس دوران میں بلاشبہ ایک بڑی ستم ظریفی بلکہ بدقسمتی نے بھی جاد کیا ہے کہ جب معزول شاہ کے زمانے میں بین الاسلامی اتحاد سے کم و بیش علیحدہ رہنے والا ایران جناب خمینی کی قیادت میں بڑے خلوص اور عزم بلند کے ساتھ مشرق و مغرب کے سامراجیوں سے کھلی بیزاری کا برملا اعلان کرتے ہوئے اسلامی ملکوں میں موثر اتحاد اور روزافزوں یک جہتی پر زور دینے لگا ہے، تو امریکہ کی وساطت سے اسرائیل کے ساتھ مصر کی یک طرفہ صلح و مفاہمت کی وجہ سے عرب ملکوں میں باہمی کشیدگی بھی انتہائی حد تک کو پہنچتی نظر آنے لگی ہے، بلکہ وہ آپس میں رہی سہی سفارتی تعلقات بھی توڑ دینے کے درپے ہیں، اور اس بحران میں انہیں یہ بھی نظر نہیں آ رہا کہ وہ نہ صرف اپنی مشترکہ تنظیم عرب لیگ کے اصولوں سے کھلے انحراف کے مرتکب ہو رہے ہیں، بلکہ پچھلے دس سال سے وہ وسیع تر بین الاسلامی اتحاد سے جس نے پلیٹ فارم (اسلامی سیکرٹریٹ) پر جمع ہیں، اس کے بنیادی تقاضوں کو بھی بے دریغ نظرانداز کر رہے ہیں۔ گویا جب تہران سے اسلامی اتحاد کی آواز بلند ہو رہی ہے، اور پاکستان کے بعد ایران کو بھی یہ منفرد شرف حاصل ہو رہا ہے کہ اس کے حکمران اپنی مسلح افواج کو سپاہ اسلام قرار

دے رہے ہیں، ہمارے عرب بھائیوں نے اپنے جس مشترک دشمن اسرائیل کے خلاف عزم اتحاد کی بنیاد رکھی تھی، آپس میں اختلاف و انتشار میں مبتلا ہو کر وہ اسی کی خوشی و اطمینان اور بالواسطہ کامیابی کا سامان کرنے کے درپے ہیں۔ اس طرح عرب اتحاد کے مطلع کو باہمی انتشار نے جس طرح ابرآلود کر دیا ہے، وہ صرف عربوں کے لئے ہی پریشانی نہیں، پوری اسلامی دنیا کے لئے بھی کوئی اچھی علامت نہیں ہے، اس لئے دین حق اسلام کے رشتۂ اخوت و دوستی کی وجہ سے دوسرے تمام اسلامی ملکوں خاص طور پر کیسی تجاب اور احساس کمتری کے بغیر نظام اسلام کے علمبردار پاکستان اور ایران کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے عرب بھائیوں میں باہمی اختلافات کم کرنے کی پرخلوص کوششیں شروع کر دیں، اور حکمت و تدبر کی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر مصر اور اس کے مخالف عرب ملکوں کو ایک بار پھر دوسرے عرب ملکوں کے قریب لانے کی تدبیر کریں، تاکہ اسرائیل اور اس کے سامراجی سرپرستوں کی بڑھتی ہوئی اور دوررس سازشیں عرب دنیا اور عالم اسلام کو بہت زیادہ نقصان پہنچانے سے پہلے ہی ناکام ہو جائیں۔

بین الاسلامی اتحاد کی طرح بین المسلمین اتحاد بھی انتہائی ضروری ہے۔ قیام پاکستان کی عہد آفرین تحریک کی طرح ایران میں بھی اسلامی انقلاب کے لیے جدوجہد کو اسی وقت کامیابی نصیب ہوئی تھی، جب وہاں کے مسلمانوں نے بھی برصغیر کے اپنے کلمہ گو بھائیوں کی طرح علاقہ، فرقہ، نسل وغیرہ کے اختلافات و تعصبات کو پس پشت ڈال کر صرف مسلمان ہونے کی اساس پر "اللہ اکبر" کا ورد کرتے ہوئے مطلق العنان بادشاہت کے خلاف جہد و ایثار کی راہ اختیار کی تھی۔ ایران تو اس وقت مابعد انقلاب کے دور بحالی و استحکام سے گزر رہا ہے، لیکن پاکستان میں یہ بدنصیبی بھی تیزی سے بڑھ رہی ہے کہ جن سیاسی تنظیموں اور مذہبی جماعتوں نے نظام مصطفیٰ کے قیام کے لئے ایک انتہائی ظالم آمریت کو سرنگوں ہونے پر مجبور کر دیا تھا، اور اس طرح قوم پرستی، سیکولرزم، سوشلزم، علاقہ پرستی وغیرہ کے غیر اسلامی تصورات نظریات کے تمام ستونوں کو بیک وقت زمین بوس کر دیا تھا، آج ان میں سے بعض قوتوں نے اپنے ہی ہم نظریہ قدرتی حلیفوں سے برسرپیکار ہونے کا راستہ اختیار کر لیا ہے۔ اب وہ ودیعت، سوشلزم اور علاقہ پرستی کے غیر اسلامی نظریات سے صرف نظر کر کے اسلامی نظام کے سلسلے میں اپنے ہی دست و بازو بننے والے حلیفوں پر روز افزوں اسپ الزام تراشی کر رہی ہیں، اور کسی وجہ سے انانیت کے وقفہ یا ہم سچ یا دیگر سے عصبیت کے فقرہ ہیں) اس حقیقت کو بالکل احساس نہیں کر رہیں کہ ان کی اس روش اور مشغلے سے خوشی کن طاقتوں کے حصے میں آ رہی ہے اور جو طاقتیں اپنی طرف سے جاہلیاتی اسلامی نظام کے خلاف اپنی آخری معرکہ آرائی کے لئے باہمی اتحاد اور عمل

یک جہتی کا اہتمام کرنے میں انتہائی سرگرم ہیں، یہ ان کی حقیقی بڑی کامیابی ہے، کہ ان کی اسلام دشمنی کی آمدہ پالیسی کر رہے ہیں۔ اسلامی نظام کے علمبرداروں کا ہی ایک طبقہ کوشاں ہے۔ یہ نہ صرف پاکستان میں اسلامی نظام کے لیے نقصان دہ بلکہ دنیا بھر کے علمبرداروں کے لیے بہت بڑا چیلنج نہیں ہے، پوری اسلامی دنیا میں دین حق اسلام کی سربلندی کے خواہاں رہنماؤں اور مفکروں کے لیے بھی لمحہ فکریہ ہے۔ گویا بین الاسلامی اتحاد کے لیے علامہ خمینی ایسے مجاہد درویشوں کا یہ بھی فرض ہے کہ وہ دین کی اصل اور اہم بنیاد — اتحاد بین المسلمین — کی طرف بھی بھرپور توجہ کریں۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور

مجاہد اردو کا وصیت نامہ

بے شک اللہ جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ذلت دیتا ہے۔ مثلاً ہمارے مجاہد اردو ڈاکٹر فضل الرحمن رحمانی لاہوری ہیں۔ جب یہ پیدا ہوئے تو ظاہر ہے صرف فضل الرحمن تھے۔ مگر جب خدا بڑے ہوئے تو بہت جلد ڈاکٹر ہو گئے۔ جب اور بڑے ہوئے تو مجاہد اردو کہلانے لگے۔ پھر انہوں نے اپنے نام کے ساتھ لاہوری بھی لکھنا شروع کر دیا اور ابھی یہ

کل کی بات ہے کہ انہوں نے رحمانی کہلانا بھی شروع کر دیا تاکہ وہ خانوادۂ رحمانیہ کی بنیاد رکھیں اور اس عظیم خاندان کے بانی کی حیثیت سے ان کا نام رہتی دنیا تک قائم رہے یہ ساری عزتیں ایسی ہیں جو ان سے کوئی نہیں چھین سکتا اور جو ابھی تک کوئی مائی کا لال ایسا پیدا ہوا ہے جس نے اس

مجاہد اردو ڈاکٹر فضل الرحمن رحمانی لاہوری کے وصیت نامے میں کچھ اور وضاحتیں بھی قابل ذکر ہیں جو بلا تبصرہ یہاں نقل کر دیا گیا ہے۔ ان کی ایک وصیت یہ ہے کہ

"میرے علمی اور ادبی ورثے کا قراردادی ادارہ میں سے نکال کر پہلے صرف میری اہلیہ بیگم دیکھے۔ تاکہ ان میں سے جو ذاتی اور خاندانی کاغذات و خطوط ہوں، وہ الگ کر لیں۔ بقیہ میرے خاص و مخلص دوست بمنزلہ بھائی کے جو ہیں۔ مثلاً (۱) حافظ غازی آبادی کو (۲) محترم حنیف ثاقب (۳) سید مظفر زیدی (۴) سید اظہار حسین شہدی (۵) علامہ اکرام صاحب کے حوالے کیا جائے تاکہ وہ ایک بورڈ کی شکل میں میری تمام تحقیقات کو صحیح ترتیب دے کر مکتبہ ادب کے زیر اہتمام شائع کریں۔۔۔۔۔ تمام اخبارات اور ریڈیو، ٹی وی میں میرے حادثہ کی خبر نشر کی جائے تاکہ مجھ سے محبت، عقیدت رکھنے والے جنازہ میں آ جائیں۔"

مجاہد اردو نے اس وصیت نامے کے آغاز میں اپنی گرانقدر تصنیفات نیز علمی و ادبی خدمات کی تفصیل بھی درج کر دی ہے تاکہ متعلقہ آدمی کو ان کی اصل ادبی و علمی حیثیت کا علم ہو سکے۔ یہ تفصیل کچھ یوں ہے:

"مجاہد اردو ڈاکٹر فضل الرحمن رحمانی لاہوری صدر و بانی (۱) انجمن بقائے اردو (منظور شدہ) نیشنل باغ لاہور (۲) صدر مجلس مرکزی خدمت عوام پاکستان نیشنل باغ لاہور۔ مصنف و مؤلف کہانیاں (۱) جنگلوں کی کہانیاں (۲) سکھوں کے لطیفے (۳) کشمیر کا نغمہ (۴) حنیف شاہ کی (۵) میرے محبوب ۔۔۔ ان کے ساتھ انہوں نے احتیاط ناشر کا پتہ بھی لکھ دیا ہے۔ تاکہ خوش قسمتی سے مصنف کو نہیں جانتا تو ناشر کے ذریعے مصنف کے گھر کا پتہ مل جائے!"

ڈاکٹر فضل الرحمن رحمانی لاہوری نے خاص وصیت نامے میں لکھا تو اور بھی بہت سی وصیتیں کی ہیں لیکن ہم نے زیادہ تر نجی قسم کی ہیں۔ چنانچہ ان سے صرف نظر کر کے ہم نے وہ وصیتیں سامنے لائے ہیں جو قومی سطح کی ہیں اور یہ بھی اس لئے کہ مجاہد اردو ہمارا قومی سرمایہ ہیں، وہ ہماری ایک قیمتی متاع ہیں۔ لہٰذا ان کے لکھے ہوئے تمام حرف ایک امانت کی حیثیت رکھتے ہیں اور یہ امانت ہم نے پوری دیانت سے قوم کے سپرد کر رہے ہیں۔ خدا انہیں عمر خضر عطا کرے۔ تاہم آخر میں ان سے ہماری درخواست ہے کہ جب تک ان کا یہ وصیت نامہ ہمارے پاس ہے، انہیں زیادہ سے زیادہ احتیاط سے کام لینا چاہیے۔ ویسے بہتر ہوگا اگر وہ اولین فرصت میں یہ قیمتی متاع ہم سے واپس لے جائیں۔ ہم ان کے لفظ کاٹنے کو دوڑتے ہیں! ہمارے ذہن پر بہت بوجھ ہے!

روزن دیوار سے

عطاء الحق قاسمی

قسم کی خواہش کا اظہار بھی کیا ہے۔

مگر وہ جو کسی نے کہا ہے نا کہ
بچے سامان سو برس کا پل کی خبر نہیں

تو اس پر مجاہد اردو کا ایمان ہم آپ سے زیادہ ہے۔ کیونکہ جہاں وہ اردو کے لئے ہر وقت سر پہ کفن باندھ کر پھرتے ہیں، وہاں ہر وقت جیب میں وصیت نامہ بھی رکھتے ہیں۔ یہ وصیت نامہ گزشتہ روز انہوں نے ہمیں عطا کر دیا ہے۔ اور اس وصیت نامہ میں انہوں نے خاصی اہم وصیتیں کی ہیں۔ مثلاً پہلی بات تو انہوں نے یہ لکھی ہے کہ بیانیہ ہم اپنے لفظوں میں لکھنے کی بجائے بہتر ہو گا اگر انہیں کے الفاظ میں بیان کریں۔ سو مجاہد اردو لکھتے ہیں:

"میری وصیت کو پڑھنے والو! نہایت خلوص و محبت سے السلام علیکم عرض کرتا ہوں۔ نیز چند گزارشات ہیں۔ ضرور توجہ کر کے اس پر عمل فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر دے۔ آمین (۱) اگر میری موت حادثاتی یا اچانک حرکت قلب بند ہونے سے یا شدید بیماری سے ہو جائے۔ آپ کلمہ شریف اور درود شریف پڑھ رہا ہوں تو بہت اچھی بات ہے ورنہ مجھے کلمہ شریف و درود شریف پڑھایا جائے۔"

یہ جذبہ اپنی جگہ بہرحال قابل قدر ہے لیکن ہمارے نزدیک اس پر عمل قدرے مشکل کام ہے۔ کیونکہ وفات کے بعد کسی سے کلمہ پڑھوانے کی کوشش اتنی آسان نہیں اور نہ یہ امر چنداں مناسب ہے۔ سو مجاہد اردو اگر اس وصیت میں ترمیم کر سکیں، تو یہ ان کے اپنے حق میں بہتر ہوگا



اخبار انکل سفر پر جانے سے پہلے...



شان رسول پاک

قرآن پاک میں مذکور ہے ارشاد ہے کہ آنے والا دور آپ کے لیے پہلے سے بہتر ہے۔ یعنی آنجناب کے کمالات وقت گزرنے کے ساتھ اور زیادہ اجاگر ہوتے جائیں گے۔

علامہ اقبال کا ایک شعر ہے:

چشم اقوام یہ نظارہ ابد تک دیکھے
رفعت شان رفعنا لک ذکرک دیکھے

اس کی مثال حال ہی میں شائع شدہ ایک کتاب ہے، جس میں دنیا کی ایک سو ایسی شخصیتوں کا تذکرہ ہے، جو بقول مصنف دنیا پر سب سے زیادہ اثر انداز ہوئے۔ مصنف غیر مسلم ہے، مگر اس نے جناب رسالتمآب کو ان شخصیتوں میں سرفہرست رکھا ہے۔ کتاب کا نام ہے "سو — تاریخ کی موثر ترین شخصیتوں کی درجہ بندی"۔ مصنف کا نام مائیکل ہارٹ ہے اور وہ ہیئت، ریاضی، قانون، فزکس اور تاریخ جیسے علوم میں مہارت رکھتا ہے۔ اس کے اپنے الفاظ میں "صرف حقیقی شخصیتیں اس فہرست میں شامل ہونے کا حق رکھتی ہیں ۔۔۔۔۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسلام کو دین بنانے میں جناب رسول پاک کی شخصیت کا ذاتی اثر اس سے کہیں زیادہ ہے جو مسیح نے عیسائیت پر ڈالا۔" گویا اس نے اس حقیقت کو پا لیا ہے کہ آنجناب صرف اسلام کا پیغام یا تشریح کرنے والے نہیں تھے، بلکہ اسے عملاً نافذ کرنے والے تھے۔ ایک طرف آپ کی انفرادی زندگی اسلام کا اعلیٰ ترین نمونہ تھی، تو دوسری طرف آنجناب اسلامی اصولوں کے مطابق اعلیٰ ترین شخصیتیں وجود میں لائے۔ آپ نے اسلامی معاشرہ قائم فرمایا۔ مثالی اسلامی مملکت تشکیل دی۔

آنجناب کے کارہائے نمایاں کا تذکرہ کرتے ہوئے، مصنف لکھتا ہے۔ "حضور نے عرب قبائل کو متحد کر کے انہیں ایسی قوت میں تبدیل کر دیا، جس نے بحیرہ اوقیانوس سے ساحل سے لے کر ہند تک تمام بڑی بڑی سلطنتوں کو فتح کیا ۔۔۔۔ اسلام جیسا دین، دنیا کا جو مذہبی امتزاج ہے اس کی کہیں مثال نہیں۔ اور اسی بنا پر نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو تاریخ انسانی کی سب سے عظیم ہستی شخصیت تسلیم کرتا ہوں۔"

عکس

جیسی حالت پیش آتی ہے زمانے میں جسے
ذہن انسانی میں ویسا ہی اترتا ہے عکس
ہم سمجھتے ہیں کہ جو جاتے ہیں بچھڑ اخلاف
اپنے کا رخ جاں بدل جاتا ہے عکس

بھارت میں ۳۰ فوجیوں کو پاکستان کے لیے جاسوسی کرنے پر گرفتار کر لیا گیا

گرفتار ہونے والے افسر اور جوان دو سال قبل کشمیر میں متعین تھے

پارلیمنٹ کے سامنے گرفتار شدگان کی بیویوں کی بھوک ہڑتال

[illegible]

لیاقت باغ فائرنگ کیس کے چار اہم ملزموں کی ضمانت پر رہائی کی درخواستیں مسترد کر دی گئیں

ملزموں میں حاکمین، جاوید حکیم اور راجہ افضل شامل ہیں

گیارہ ملزم گرفتار کیے جا چکے ہیں، غلام مصطفیٰ کھر کو اشتہاری مجرم قرار دے دیا گیا ہے

راولپنڈی ——— [illegible]

[illegible]

۲۸ ہزار سے زیادہ پاکستانی مسلمانوں کو حج بیت اللہ کے دوران سفر کی بہتر سہولتیں مہیا کی جائیں گی

حاجی کیمپ کی تزئین شروع ہو گئی

کراچی ——— (اپ پ) ۲۸ ہزار سے زیادہ پاکستان کے مسلمانوں کو حج بیت اللہ کے دوران سفر کی بہتر سہولتیں دینے کے لیے [illegible]

[illegible]

بھارت کے ساتھ آبادی جہازوں ... [illegible]

[illegible]

If you can provide new jobs for Ontario's Youth, Ontario will help pay their salaries.

اگر آپ کوئی تجارت یا زراعتی فارم چلاتے ہیں اور ۳۰ اپریل تا ۱۲ اکتوبر ۱۹۷۹ء کے دوران نئے ملازم رکھتے ہیں تو آپ انٹاریو یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت ایک ڈالر ۲۵ سینٹ فی گھنٹہ کے حساب سے (زیادہ سے زیادہ ۵۰ ڈالر فی ہفتہ) گرانٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ جو ہر اس مستحق نوجوان کی اجرت کے لیے ہوگی جسے آپ ملازم رکھیں گے۔

درخواست جلد دیجیے کیونکہ گرانٹ کی رقم محدود ہے۔

اس پروگرام کے دوران اگر آپ کسی جوان آدمی کو ملازم رکھنا چاہتے ہیں تو جہاں تک جلد ممکن ہو درخواست داخل کر دیجیے۔ درخواستوں پر دھول کی وصولی [illegible] کام شروع ہوتا ہے۔ درخواستیں بھیجنے کی آخری تاریخ ۳۰ جولائی یا اس سے پہلے [illegible] ختم ہو جائے۔

مستحق آجر

اس گرانٹ کے لیے وہ آجر مستحق ہیں جو [illegible] سال قبل ہی سے بزنس [illegible] موجود اپنی بزنس کے [illegible] آتے ہوں۔

مستحق ملازمین

اس پروگرام سے وہ نوجوان مستفید ہو سکتے ہیں جن کی عمر ۱۵ سال سے زیادہ اور ۲۵ سال سے کم ہو۔ ان کا انٹاریو میں رہائش پذیر ہونا ضروری ہے۔ وہ ایمپلائر کے رشتہ دار [illegible] ایمپلائمنٹ ایکٹ [illegible]

یں واضح کیا گیا ہے۔

پروگرام کی مدت

یہ پروگرام ۳۰ اپریل تا ۱۲ اکتوبر ۱۹۷۹ء (یعنی ۲۴ ہفتوں) کے لیے ہے جس ایمپلائر کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ پورے ۲۵ ہفتوں کی مدت کے لیے نئے ملازمین رکھے۔

ملازمت کی شرائط

مالی امداد حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ جو نئی ملازمت کی جگہ نکالی گئی ہے وہ اس پروگرام کے دوران مہیا کی جانے والی ریگولر اور موسمی ملازمتوں کے علاوہ ہو۔ اس ملازمت کے لیے ضروری ہے کہ کم سے کم ۲۵ گھنٹے فی ہفتہ کا کام مہیا کیا گیا ہو اور جو کم سے کم چھ ہفتہ کی مدت تک کے لیے ہو۔

مالی امداد

اس پروگرام کے تحت ایمپلائر جملہ ۱۵۰ ہفتوں کی ملازمت کے لیے گرانٹ حاصل کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ ساری گرانٹ کا فائدہ اٹھانا چاہیں تو آپ دس نوجوانوں کو فی کس ۱۵ ہفتے کے لیے ملازم رکھ سکتے ہیں یا چھ آدمی فی کس ۲۵ ہفتے کے لیے یا ۱۵ آدمی فی کس دس ہفتے کے لیے ملازم رکھے جا سکتے ہیں۔ جس ایمپلائر کے لیے گرانٹ منظور ہوگی وہ ایک ڈالر ۲۵ سینٹ فی گھنٹہ کے حساب سے ہر ہفتہ زیادہ سے زیادہ ۵۰ ڈالر (۴۰ گھنٹوں کے لیے) کی گرانٹ ہر اس نوجوان کے لیے حاصل کرے گا جو اس پروگرام کے تحت ملازم رکھا گیا ہو۔

ملازمین کو کام دینا

اس پروگرام کے تحت کسی کو ملازم رکھنے سے پہلے آپ کا معاہدے پر تحریری منظوری لینا ضروری ہے۔ پچھلے سال اس پروگرام کے تحت سات ہزار ملازمتیں مہیا کی گئیں۔ مزید معلومات اور فارم کے لیے رجوع فرمائیے:

Ministry of Intergovernmental Affairs, Subsidies Branch, Queen's Park, Toronto M7A 2R8. Telephone 1-800-268-7592 (toll-free). In Metro Toronto, telephone 965-0570. In Northern Ontario (Area Code 807) call Toronto collect at 965-0570. Please call between 8 a.m. and 5 p.m. Monday to Friday.

نوٹ: اگر آپ نے پہلے اس پروگرام میں حصہ لیا ہے تو آپکو درخواست کا فارم اور کتابچہ ڈاک سے بھیج دیا گیا ہے۔

OYEP works for all of us.

William Davis, Premier

Province of Ontario

قومی اقتصادی کونسل نے سینڈک کی کانوں سے تانبہ نکالنے کے منصوبے کی منظوری دے دی

۱۴ کروڑ ۲۰ لاکھ ٹن کے ذخائر سے پہلی بار استفادہ کیا جائے گا

اقتصادی کمیٹی نے سیاحت ٹرانسپورٹ اور ذخیرہ گاہوں سے متعلق منصوبے بھی منظور کر لیے

اسلام آباد ــــــ (اے پی پ) قومی اقتصادی کونسل کی انتظامی کمیٹی نے آج یہاں اپنے اجلاس میں بلوچستان میں سینڈک کے مقام پر تانبے کی کھدائی کے منصوبے کی منظوری دے دی۔ [illegible]

[illegible]

افغان پناہ گزینوں کے بارے میں حکومت پاکستان کی بے نیازی اچھی نہیں: طفیل محمد

افغانستان میں اشتراکی حکمرانوں کے مظالم سے عوام کی آنکھیں کھل گئی ہیں

بلوچستان میں انتظامیہ کے کل پرزوں نے پاکستان کو لوٹ کا مال سمجھ رکھا ہے

[illegible]

نئی حج پالیسی کے اہم نکات

[illegible]

بلدیاتی انتخابات عام انتخابات کے بعد کرائے جائیں: ملک قاسم

انتخابات سے قبل آئین میں ترمیم سے مزید مشکلات پیدا ہوں گی

[illegible]

آقائے خمینی سے میجر جالود کی ملاقات

[illegible]

میڈیکل کونسل نے ایم بی بی ایس کی ڈگری کو ایم ڈی سے بدل دینے کا فیصلہ کرلیا

ڈینٹل اور میڈیکل کالجوں کے گرتے ہوئے معیار پر تشویش کا اظہار

[illegible]

کئی ہزار روسی مشیر بھی ترکی حکومت کو سہارا دینے میں ناکام ہوگئے

روس ظاہری خطرات کے باوجود افغانستان کے معاملات میں پوری طرح ملوث ہو جائیگا

[illegible]

اکرم چیمہ کا کیس ٹریبونل کے سپرد کر دیا گیا

[illegible]

Tongas ------------ No!
Rickshaws ------------ No!

DRIVE
Your Own Car!

Learn to drive DEFENSIVELY from the In-Car teacher

Certified by:-
— ONTARIO MINISTRY OF TRANSPORTATION
— CANADIAN SAFETY COUNCIL
— ONTARIO SAFETY LEAGUE
EXTENSIVE CANADIAN EXPERIENCE

Reasonable rates. Call:

Tel: 266-8098

A NATIONAL DRIVING SCHOOL

[Lessons also in Urdu]

دلی اسپیشل فوڈز

حلال گوشت سے تیار شدہ لذیذ، عمدہ کھانے نہاری و پائے،

شامی کباب کڑھائی گوشت

اور

بریانی وغیرہ

421-9572

DILLI SPECIAL FOODS

Chandni Chowk

401 Donlands TORONTO

Take Out Services

بیت المقدس میں اسلامی کونسل کے دفتر پر یہودیوں کا حملہ تاریخی دستاویزات تباہ

قبلۂ اول کی حیثیت تبدیل کرنے کی ناپاک کوششیں شروع ہوگئیں

اسلامی ملکوں کے سربراہوں کے نام شاہ خالد اور شہزادہ فہد کے پیغامات

انتخابات میں صوبائی خود مختاری، قومیتوں اور مذہبی نعروں کی اجازت نہیں ہوگی

نوکر شاہی موجودہ حکومت کو سازش سے ختم نہیں کرسکتی

ایسے افسروں کا بھی یوم حساب آپہنچا ہے : وزیر دفاع تالپور

بھارت میں بھٹو پر فلم بنائی جائے گی

دلی خان اور تمیم دلی خان عمرہ ادا کرنے چلے گئے

بیگم بھٹو اور بے نظیر بھٹو کو رہا کر دیا جائے ...... ایمنسٹی انٹرنیشنل

بھٹو کے مزار پر بے نظیر کی حاضری

Act now! Use your old Wintario tickets for discounts on Canadian films and music.

اب سے ۳۰ ستمبر ۱۹۷۹ء تک آپ اپنے پرانے ونٹیریو ٹکٹ استعمال کرکے مالی بچت کرسکتے ہیں۔ یعنی کینیڈین ریکارڈ البم اور کینیڈین ٹیپس کی خریداری پر اور کینیڈین فیچر فلم کے داخلہ ٹکٹ پر ڈسکاؤنٹ حاصل کرسکتے ہیں۔

یہ پیشکش HALF BACK کہلاتی ہے۔ کیونکہ اس طرح ونٹیریو لاٹری ٹکٹوں پر خرچ ہوئی رقم کا آدھا حصہ آپ کو واپس مل جاتا ہے۔ ہر ٹکٹ کی قیمت ایک ڈالر ہے۔ لیکن اگر اس پر انعام نہ بھی نکلے تو نئے HALF BACK پروگرام کے تحت اس کی قیمت پچاس سینٹ قرار پائی ہے۔

انعام نہ پانے والے ٹکٹوں پر اپنا نام اور پتہ لکھ لیجئے۔ اس طرح وہ کسی کینیڈین ریکارڈ البم یا ٹیپ کی خریداری میں پچاس سینٹ فی ٹکٹ کے حساب سے بچت کرسکتے ہیں۔

آپ چار ٹکٹ استعمال کرکے دو ڈالر کی حد تک ایسے کینیڈین البم اور ٹیپ کی خریداری میں بچت کرسکتے ہیں جس کی قیمت تین ڈالر ۹۵ سینٹ یا اس سے زیادہ ہو۔

آپ البم یا ٹیپ انٹاریو کے ایسے ریکارڈ اسٹور سے خرید سکتے ہیں جس پر HALF BACK کا نمایاں نشان ہو۔ صرف اپنے دستخط شدہ ٹکٹ ساتھ لائیے۔

یہ ڈسکاؤنٹ انٹاریو کے کسی تھیٹر میں کینیڈین فیچر فلم کے ٹکٹ خریدنے کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

ونٹیریو کا ہر قابل قبول ٹکٹ پچاس سینٹ کا ہوتا ہے۔ ہر تھیٹر پر قیمت وہی ہوتی ہے جو بڑوں، بچوں، طالب علموں اور بزرگ شہریوں کے لیے۔ آپ زیادہ سے زیادہ جتنے ٹکٹ استعمال کرکے ڈسکاؤنٹ حاصل کرسکتے ہیں، یہ ڈسکاؤنٹ عموماً داخلہ ٹکٹ کی قیمت کی آدھی رقم کے برابر ہوتا ہے۔

HALF BACK
The Ontario Rebate Program
Find lots of Wintario tickets
at a discount

اس نشان کا خیال رکھیے

یہ HALF BACK پروگرام ۳۰ ستمبر کو ختم ہو رہا ہے۔ اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست اور ستمبر کے تمام قرعوں کے ٹکٹ اس ڈسکاؤنٹ کے مستحق ہیں۔ آپ اپنے ٹکٹ آج ہی استعمال کیجیے!

Reuben Baetz,
Minister of Culture
and Recreation
William Davis, Premier
Ontario

اسلامی قوانین کے موثر اور کامیاب نفاذ کی راہ میں نوکر شاہی سب سے بڑی رکاوٹ ہے : میاں طفیل محمد

کوئٹہ ـــــــ (اے پی پی) جماعت اسلامی کے امیر میاں طفیل محمد نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان قومی اتحاد آئندہ عام انتخابات میں بھاری کامیابی حاصل کرے گا اور حکومت بنائے گا۔ آج شام یہاں قومی اتحاد کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اتحاد کو اب بھی عوام کی اکثریت کی حمایت حاصل ہے جو ملک میں مکمل اسلامی نظام کے نفاذ کے خواہاں ہیں۔ میاں طفیل محمد نے کہا ہے کہ انتخابات کے بعد نئی حکومت چونکہ عوام کی حقیقی نمائندہ ہوگی اس لئے وہ عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے بہتر پوزیشن میں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی قوانین کے موثر اور کامیاب نفاذ کی راہ میں نوکر شاہی سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ قومی اتحاد برسر اقتدار آکر انتظامی ڈھانچے میں انقلابی تبدیلیاں لائے گا اور ہر شہری کے لئے انصاف کو یقینی بنایا جائے گا کیونکہ صرف اسلامی حکومت ہی عوام کے حقوق کا تحفظ کرسکتی ہے۔

پیپلز پارٹی سمیت سب پارٹیوں کو انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی

این ڈی پی سے متعدد ممتاز ارکان کی علیحدگی

ایران میں فوج اور پولیس کے لیے عام معافی کا اعلان

بلدیاتی انتخابات اسی سال اگست میں

انتخابات ووٹروں کی نئی فہرستوں کی بنیاد پر ہوں گے

بلدیاتی ایکٹ میں ترمیم کر دی جائیگی: سرکاری ذرائع کی وضاحت

لاہور — (نامہ نگار) ملک میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا فیصلہ اصولی طور پر کر لیا گیا ہے باخبر ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے یہ فیصلہ حکومت پنجاب کی سفارش پر کیا ہے ان ذرائع کے مطابق اگرچہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لئے کوئی حتمی تاریخ مقرر نہیں کی گئی تاہم اگست کے آخر میں عید الفطر کے فوراً بعد ان انتخابات کا انعقاد عمل میں آ رہا ہے باخبر ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ بلدیاتی انتخابات بھی بالغ رائے دہندگی کی نئی فہرستوں کی بنیاد پر کرائے جائیں گے پاکستان الیکشن کمیشن نے جو نئی انتظامات کئے ہیں ان کے مطابق یہ فہرستیں جولائی کے وسط تک طبع ہو جائیں گی اور یہی حتمی فہرستیں ہوں گی ان ذرائع کا کہنا ہے کہ ملک میں عام انتخابات صدر مملکت کے اعلان کے مطابق اسی سال ۱۷ نومبر کو ہوں گے اور ان بلدیاتی انتخابات سے عام انتخابات کا پروگرام متاثر نہیں ہوگا۔ ان ذرائع کے مطابق حکومت پنجاب نے کچھ عرصہ پہلے وفاقی حکومت سے کہا تھا کہ وہ نچلی سطح پر بھی اور ترقیاتی سرگرمیوں کو موثر بنانے کے لئے عوام کی بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں۔

این ڈی پی کے منشور میں چار قومیتوں اور چار زبانوں کا کوئی ذکر نہیں: شیر باز مزاری

کراچی — سراپا نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ سردار شیر باز خان مزاری نے کہا ہے کہ این۔ ڈی۔ پی کے منشور میں کہیں بھی چار قومیتوں اور چار زبانوں کا ذکر نہیں ہے۔ انہوں نے چند اخبارات میں شائع کی گئی اطلاعات سے متعلق کہا ہے کہ جو اخبارات این۔ ڈی۔ پی کے اس موقف سے واقف نہیں وہ پارٹی پر چار قومیتوں اور چار زبانوں کی داعی ہونے کا الزام عائد کر رہے ہیں۔ [illegible] کہ ان کے اس اقدام سے پارٹی کے اندر اور باہر شکوک و شبہات پیدا ہو رہے ہیں۔ اپنے دورہ صوبہ سندھ کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ اس لئے وہاں گئے تھے کیونکہ انہیں اس قصبے کی تاریخ سے دلچسپی ہے۔

بے نظیر کی نظر بندی میں مزید ایک ماہ کی توسیع

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) مس بے نظیر بھٹو کی نظر بندی میں مزید ایک ماہ کی توسیع کر دی گئی ہے آج اس سلسلے میں جیل حکام نے ان سے احکامات کی تعمیل کرائی ہے بیگم نصرت بھٹو کی نظر بندی کی میعاد ۵ مئی کو ختم ہو رہی ہے دونوں سہالہ ریسٹ ہاؤس میں نظر بند ہیں۔

پاکستان اور سعودی عرب کے موقف میں مکمل ہم آہنگی پائی گئی

آغا شاہی ریاض میں دو روزہ قیام کے بعد نیو یارک پہنچ گئے

ریاض — (ریڈیو رپورٹ) صدر پاکستان کے امور خارجہ کے مشیر آغا شاہی نے سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ سعود الفیصل سے بین الاقوامی باہمی دلچسپی کے دو طرفہ اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ وہ نیو یارک جاتے ہوئے دو روز کے لئے سعودی عرب ٹھہرے تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ دونوں رہنماؤں نے مصر اسرائیل امن سمجھوتے کے بعد مشرق وسطیٰ میں پیدا ہونے والی صورت حال، امریکہ کی طرف سے پاکستان کی اقتصادی امداد بند کرنے اور اسلامی ممالک کو درپیش مسائل پر اہم بات چیت کی اور پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان بڑھتے ہوئے تعاون پر اظہار اطمینان کیا۔ سعودی عرب کے وزیر خارجہ نے پاکستان میں اسلامی قوانین کے نفاذ پر اظہار مسرت کیا اور توقع ظاہر کی کہ اس سے پاکستان میں ایک عدل و انصاف پر مبنی اسلامی معاشرہ قائم کرنے میں مدد ملے گی۔ آغا شاہی یہاں سے نیو یارک پہنچ گئے جہاں وہ جنگ ہتھیاروں کی تخفیف کا جائزہ لینے کے بارے میں مشاورتی بورڈ کے اجلاس میں شرکت کرنے والے ہیں۔ مشاورتی بورڈ پچھتر ہزار پر مشتمل ہے جو اقوام متحدہ کے تحت تخفیف اسلحہ سے متعلق ہونے والی تحقیق کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کرتا ہے جولائی [illegible] ۔۔۔ [illegible] کے اجلاس کے موقع پر آغا شاہی کو بورڈ کا چیئرمین مقرر کیا گیا تھا۔

پاکستان کے ۴ لاکھ زرگر امریکی امداد سے زیادہ مالیت کا سونا حکومت کو بطور عطیہ دیں گے

بڑا جیولر ۲ تولے چھوٹا ایک تولہ اور زرگر نصف تولہ سونا دے گا

حکومت کو فی الفور ایٹمی توانائی فنڈ کھول دینے کا مشورہ

[illegible]

بھارتی پولیس اور سکھوں کے تصادم میں چھ افراد ہلاک ہو گئے

ہلاک ہونے والوں میں پولیس کے تین اہلکار بھی شامل ہیں

نئی دہلی — (ریڈیو رپورٹ) بھارت کے شمالی ضلع فرید کوٹ میں آج پولیس اور نہنگ سکھوں میں تصادم کے نتیجے میں چھ افراد ہلاک ہو گئے [illegible]

جمشید پور میں مسلمانوں کا قتل عام باقاعدہ منصوبے کے تحت ملٹری پولیس کی مدد سے کیا گیا

ہندو غنڈوں نے مسلمان عورتوں اور بچوں کی ایمبولینس گاڑی کو بھی دستی بم سے اڑا دیا

مسلمانوں کے مکانوں کو نذر آتش کر دیا گیا۔ بھارت کی مختلف سیاسی تنظیموں کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی

نئی دہلی — (۔۔۔) جمشید پور میں مسلمانوں کا قتل عام باقاعدہ ایک منصوبے اور انتہائی منظم طریقے سے کیا گیا ہے [illegible]

[illegible]

۹۲ ہزار ۵ سو حج درخواستیں موصول ہوئیں

اسلام آباد — (اے پی پی) وفاقی وزارت مذہبی امور [illegible] اس سال فریضہ حج ادا کرنے کے خواہشمند لوگوں کی طرف سے ۹۲ ہزار ۵ سو حج درخواستیں وصول کی گئی ہیں [illegible]

ہر قسم کی اردو کتابیں دستیاب ہیں۔ مفت فہرست کے لیے لکھیے۔

اردو ڈائجسٹ

ہر مہینے اردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیے ہمیں لکھیے یا فون کیجیے

PRICE: $2.00,(Postage 45c Extra) Subscription for one year $25.00

اپنے چیک TechnoPak کے نام لکھیے اور اس پتے پر بھیجیے:

Suite 804, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario,
Canada, M1W 2V2 (phones:(416) 497 9623, 493 4374)

Golden Mile گولڈن مائیل CHEVROLET OLDSMOBILE

MOTORS LIMITED

گولڈن مائیل کی ۱۹۷۹ء ماڈل کی اپنی نمائشی گاڑیوں کی خاص کم قیمت سیل شروع ہے!
نئی یا پرانی گاڑیوں کی خرید کے لیے ہماری خدمات حاصل کیجیے۔

ANWAR SHAIKH

TELEPHONE: 759-2201 - AREA CODE 416

1897 EGLINTON AVENUE EAST, SCARBOROUGH, ONTARIO

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

پاکستان نے انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ جیت لیا

پرتھ ـــــ (ریڈیو رپورٹ) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے سربراہ ایئر مارشل ریٹائرڈ نور خان نے کہا کہ یہاں انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ میں پاکستان کی کامیابی ایک بہت کامیاب تجربہ ہے کیونکہ اس ٹورنامنٹ میں حصہ لینے کے لئے پاکستان نے جو ٹیم بھیجی تھی وہ تجربہ کار ٹیم تھی۔ اس ٹورنامنٹ میں ہمیں کئی خامیوں کا پتہ چلا ہے۔ اب ہمیں آئندہ برس ماسکو میں منعقد ہونے والے اولمپک مقابلوں کی تیاری کرنی ہے یہ بہت بڑا کام ہے کیونکہ اگر ہم صحیح طور پر تیاری نہ کر سکے تو شاید اولمپک چیمپئن نہ بن سکیں۔ نور خان نے بعض کھلاڑیوں کے انفرادی کھیل کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ آج کی کامیابی کی اصل وجہ حقیقی ٹیم سپرٹ تھی۔

ماسکو اولمپک جیتنے کے لیے بڑی محنت کرنا پڑے گی

ائیر مارشل نور خان

فائنل میں پاکستان نے آسٹریلیا کو دو کے مقابلے میں چار گول سے ہرا دیا

حنیف خان نے دو اور کلیم اللہ اور صفدر عباس نے ایک ایک گول کیا

پاکستان آٹھ پنلٹی کارنروں اور چودہ کارنروں میں سے کسی سے استفادہ نہ کر سکا

پرتھ (آسٹریلیا) ـــــ (ریڈیو رپورٹ) آج یہاں پاکستان نے انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ جیت لیا۔ پاکستانی ٹیم نے فائنل میں آسٹریلیا کی ٹیم کو دو کے مقابلے میں چار گول سے شکست دی۔ پاکستان کی طرف سے حنیف خان نے دو اور کلیم اللہ اور صفدر عباس نے ایک ایک گول کیا۔ میچ کے دوران پاکستان کو آٹھ پنلٹی کارنر اور ۱۴ کارنر ملے مگر ان سے استفادہ نہ کیا جا سکا۔ اس طرح آسٹریلیا کو دو پنلٹی کارنر اور [illegible] کارنر ملے لیکن وہ صرف ایک پنلٹی کارنر سے فائدہ اٹھا سکے۔ آج پاکستان کی ٹیم کے تمام ارکان نے نہایت شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ سنٹر فارورڈ حسن سردار شدید زخمی

حنیف

کلیم اللہ

سلیم شیروانی (کپتان)

ہو گئے اور ان کی جگہ صفدر عباس کھیلنے آئے۔ علاوہ ازیں منظور جونیئر، مشتاق احمد، اختر رسول اور بریگیڈیئر کوئی گول نہ کر سکے مگر ان کا کھیل نہایت معیاری تھا خاص طور پر اختر رسول نے بہت ہی اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا۔ کھیل ختم ہونے کے بعد انٹرنیشنل ہاکی ایسوسی ایشن کے سربراہ نے پاکستان کے کپتان سلیم شیروانی اور ٹیم کے دوسرے ارکان کو نہایت شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور انہیں طلائی تمغے دیئے۔ آسٹریلیا کو چاندی اور ہالینڈ کو کانسی کا تمغہ ملا جبکہ برطانیہ، بھارت اور نیوزی لینڈ نے چوتھی، پانچویں اور چھٹی پوزیشن حاصل کی۔

آج جب میچ شروع ہوا تو مطلع صاف اور درجہ حرارت ۲۶ سنٹی گریڈ تھا۔ پندرہ ہزار تماشائی موجود تھے۔ جب میچ شروع ہوا تو پہلے ہی منٹ میں آسٹریلیا کو ایک پنلٹی کارنر ملا لیکن اس کی ہٹ پول سے باہر چلی گئی۔ اس کے بعد پاکستانیوں نے اپنی پوزیشن درست کی اور اختر رسول کے ایک پاس پر حنیف گیند کو آگے لے کر بڑھے۔ انہوں نے کلیم اللہ کو پاس دیا۔ گیند پھر حنیف کو ملی مگر اس دوران آسٹریلیا کے کھلاڑی نے غلط مزاحمت کی جس پر پاکستان کو پہلا پنلٹی کارنر ملا لیکن اس سے استفادہ نہ کیا جا سکا۔ ... پاکستان کو کارنر ملا لیکن یہ بھی ناکام رہا۔ ... منٹ میں پاکستان کو دوسرا کارنر ملا جو نتیجہ خیز ثابت نہ ہوا۔ بارہویں منٹ میں کلیم اللہ نے انفرادی کوشش سے تین کھلاڑیوں کو جھکایا اور گیند حنیف کو دی مگر اس دوران کارنر ہو گیا لیکن یہ تیسرا کارنر بھی ناکام رہا۔ تھوڑی دیر بعد اسی وقت پاکستان کو چوتھا کارنر اور دوسرا پنلٹی کارنر پھر پانچواں کارنر اور اس کے بعد چھٹا کارنر ملا لیکن اسی ایک منٹ کے دوران چار کارنر اور ایک پنلٹی کارنر بھی ناکام رہے۔ پاکستان کا یہ شدید ترین حملہ تھا لیکن اس کے باوجود آسٹریلیا کے کھلاڑی گیند چھین کے پاکستان کے گول پر حملہ آور ہوئے جس پر انہیں دوسرا پنلٹی کارنر ملا اور اس پر آسٹریلیا کے لیفٹ فل بیک [illegible] نے پاکستان کے خلاف پہلا گول کر دیا۔ کھیل کا یہ پہلا گول کھیل شروع ہونے کے بیس منٹ بعد ہوا۔

پاکستان کے خلاف پہلا گول ہونے کے بعد کھیل میں اور بھی شدت پیدا ہو گئی اور پاکستان کے لیفٹ ان حنیف خان دو دفاعی کھلاڑیوں سے گیند لے جاتے ہوئے ڈی تک پہنچ گئے مگر وہاں انہیں ناکامی ہوئی اور گیند دوسرے کنارے پر پاکستان کی ڈی تک پہنچ گئی مگر سلیم شیروانی نے نہایت ہوشیاری سے گول ہونے سے بچا لیا اور گیند پاکستان کے کنارے والوں کے پاس آ گئی۔ ... پیچھے صفدر عباس کے پاس گیند آئی۔ انہوں نے حسن سردار کو پاس دیا۔ وہاں سے گیند کلیم اللہ کو ملی۔ اس دوران پاکستان کو تیسرا پنلٹی کارنر ملا اور اس کے ایک منٹ بعد حسن سردار اور کلیم اللہ کی ایک اور کوشش کے باعث پاکستان کو آٹھواں کارنر ملا۔ اس کارنر پر اختر رسول نے گیند رائٹ آؤٹ کلیم اللہ کو دے دی جنہوں نے نہایت خوبصورتی سے کھیل کے اس ۲۹ ویں منٹ میں پاکستان کی طرف سے پہلا گول کر دیا۔ اس طرح پاکستان اور آسٹریلیا دونوں ایک دوسرے کے خلاف ایک ایک گول کر چکے تھے۔ اسی دوران حسن سردار زخمی ہو گئے۔

انہیں ابتدائی طبی امداد دی گئی مگر وہ کھیلنے کے قابل نہ تھے کھیل کچھ دیر کے لئے رک گیا۔ اس کے بعد صفدر عباس کھیلنے کے لئے آئے۔ اس کے بعد پاکستان کے سمیع اللہ، کلیم اللہ، حنیف اور صفدر عباس نے آسٹریلیا کے گول پر حملہ کیا اور اس کے نتیجے میں پاکستان کے لیفٹ ان حنیف نے کھیل کے ۳۰ ویں منٹ میں پاکستان کی طرف سے دوسرا گول کر دیا۔ اس کے چار یا پانچ منٹ بعد وقفہ ہو گیا۔ اس دوران بھی ایک پنلٹی کارنر ملا۔ اس طرح پاکستان وقفے پر ایک کے مقابلے میں دو گول سے جیت رہا تھا۔

وقفہ کے بعد

وقفے کے بعد جب کھیل دوبارہ شروع ہوا تو پاکستان کی دفاعی لائن پر مکمل دباؤ تھا۔ ... وقفے سے پیشتر صفدر عباس کو باہر نکال دیا تھا۔ آسٹریلیا نے اس موقع کا پورا پورا فائدہ اٹھایا اور دو حملے شروع ہوئے۔ ایک مرتبہ پھر گول برابر کر دیا۔ آسٹریلیا کی طرف سے یہ دوسرا گول ہوا۔ تاہم یہ صورت حال زیادہ دیر برقرار نہ رہ سکی اور دوسرے ہاف کے چھٹے منٹ میں پاکستان نے تیسرا گول کر کے ایک مرتبہ پھر برتری حاصل کر لی۔ اس مرتبہ گول کرنے والے صفدر عباس تھے جنہیں چند سیکنڈ پیشتر ہی ریفری نے گراؤنڈ میں واپس بلایا تھا۔ پاکستان کی جانب سے چوتھا گول لیفٹ ان حنیف نے کھیل کے ۵۹ ویں منٹ میں ایک کامیاب پنلٹی اسٹروک کے ذریعے کیا۔ حنیف کا دوسرا اور مجموعی طور پر چوتھا گول ہونے کے بعد آسٹریلیا نے بڑی شدید سے گول کرنے کی کوشش شروع کر دی۔ لہٰذا ۳۰ ویں منٹ سے ۳۰ ویں منٹ کے دوران آسٹریلیا کو نو پنلٹی کارنر ملے جن میں سے آٹھ پنلٹی کارنر اسکارنر صرف حنیف

LALAZAR

پاکستانی کھانوں کے لئے شہر بھر میں مشہور ہے

پارٹیوں کے لئے خصوصی انتظامات اور رعایت

مرغ مسلم تکے کباب بریانی اور بیشمار لذیذ ترین کھانے

لالہ زار

جہاں ہر قسم کے نفیس پاکستانی کھانوں کے علاوہ

بالٹی گوشت اور تندوری مرغ

LALAZAR

RESTAURANT

429 A Donlands Avenue

Toronto (near Donlands Cinema)

TELEPHONE 421-1770

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سہ روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورانٹو کینیڈا

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور سپیشل اشاعت اخبار

جلد: ۸ | ۱۸ رجمادی الثانی ۱۳۹۹ھ | ۱۵ رمئی ۱۹۷۹ء | شمارہ: ۵

صدر نے اسلامی سرمایہ کاری کمپنی قائم کرنے کی منظوری دے دی

کمپنی کے قیام کی تجویز سعودی عرب کے شہزادہ فیصل السعود نے پیش کی تھی

پاکستانیوں کو مجوزہ کمپنی میں مضاربت کی بنیاد پر سرمایہ لگانے کے مواقع حاصل ہوں گے

ملک میں بین الاقوامی اسلامک بینکس ایسوسی ایشن کی شاخ بھی کھولی جائیگی: شہزادہ فیصل السعود



صدر کو عوام کی منتخب پارلیمنٹ توڑنے کے اختیارات تفویض نہیں کرنے چاہئیں

بلدیاتی انتخابات بعد میں کرائے جائیں، آئین میں ترامیم نہیں ہونی چاہئیں: نورانی

بیگم نصرت بھٹو کو جلد رہا کر دیا جائیگا: صدر ضیاء الحق

معظم علی کا عہدہ وزیر کے برابر ہوگا

ایران میں اسلامی آئین کے تحت مرکز کے اختیارات کم کر دیے جائیں گے

عالم اسلام کے مطابق تجدید معاشرہ قائم کیا جائیگا ۔ ڈاکٹر علی آغا

سیاسی نجومی

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)

2 Years ... $14.00 (US Air Mail $17.00)

5 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)

Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: [416] 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"